## سوال

(758) مروجہ محافل ذکر کی انعقاد کر کے حلقہ باندھ کر ذکر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مروجہ محافل ذکر کی انعقاد کر کے حلقہ باندھ کر ذکر کرنا باآواز بلند یا خفیہ جائز ہے اگر نا جائز ہے تو دلائل سے ثابت کریں ؟ عبدالحنان خانیوال

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جن اذکار میں جہر کتاب وسنت سے ثابت ہے وہ تو جہراً ہی ہوں گے ان کے علاوہ اذکار کے متعلق اصول ہے : { وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغَافِلِيْنَ } [اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور ایسی آواز سے جو بولنے سے کم ہو صبح کے وقت اور شام کے وقت اور مت رہ بے خبر]
۱۴۲۰/۷/۷ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]()

**جلد01ص492**

محدث فتویٰ